246

آیت نمبر 48

آیات نمبر 48 تا 60 میں مشرکین کو تنبیہ کہ تم سب کا معبود صرف اللہ ہی ہے اور سب کچھ اسی کے اختیار میں ہے، جو نعمتیں بھی تمہیں ملی ہیں وہ اللہ کی عطا کی ہوئی ہیں۔ یہ مشرکین اللہ کے لئے بیٹیاں ٹھہراتے ہیں لیکن بیٹی کی پیدائش پر خود ان کا چہرہ غم سے سیاہ ہو جاتا ہے۔

اَوَ لَمْ يَرَوْا اِلٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَیْءٍ یَّتَفَیَّؤُا ظِلٰلُهٗ عَنِ الْیَمِیْنِ وَ
الشَّمَآىِٕلِ سُجَّدًا لِّلّٰهِ وَ هُمْ دٰخِرُوْنَ ﴿۴۸﴾ کیا ان لوگوں نے اللہ کی پیدا کردہ اشیاء
میں سے کسی چیز کو بھی نہیں دیکھا کہ ان کے سائے کیسے دائیں جانب سے اور کبھی
بائیں جانب سے اللہ کے سامنے سجدہ کرتے رہتے ہیں اور یہ سب چیزیں انتہائی عجز کا
اظہار کر رہی ہیں وَ لِلّٰهِ یَسْجُدُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ مِنْ دَآبَّةٍ
وَّ الْمَلٰٓىِٕكَةُ وَ هُمْ لَا یَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۴۹﴾ آسمانوں اور زمین کی تمام جاندار مخلوق اور
فرشتے سب اللہ ہی کو سجدہ کرتے ہیں اور وہ ذرا بھی غرور و تکبر نہیں کرتے
یَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ وَ یَفْعَلُوْنَ مَا یُؤْمَرُوْنَ ﴿۵۰﴾ [السجدہ] اور یہ
اپنے رب کی برتری اور عظمت کی وجہ سے ہر وقت خوفزدہ رہتے ہیں اور صرف وہی
کرتے ہیں جس کا انہیں حکم دیا جاتا ہے رکوع [۶] وَ قَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوْۤا اِلٰهَیْنِ
اثْنَیْنِ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَاِیَّایَ فَارْهَبُوْنِ ﴿۵۱﴾ اور اللہ نے فرمایا ہے کہ
تم اپنے دو معبود نہ بناؤ بے شک وہی ایک معبود ہے پس مجھ ہی سے ڈرو وَ لَهٗ مَا فِی
السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ لَهُ الدِّیْنُ وَاصِبًا اَفَغَیْرَ اللّٰهِ تَتَّقُوْنَ ﴿۵۲﴾ اور جو
کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اس ہی کی ملکیت ہے اور سب کے لئے اسی کی

فرمانبرداری بھی لازم ہے پھر تم اللہ کے سوا دوسروں سے کیوں ڈرتے ہو؟ وَ مَا
بِكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ثُمَّ اِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَاِلَيْهِ تَجْـَٔرُوْنَ ۚ﴿۵۳﴾
تمہیں جو نعمت بھی حاصل ہے وہ اللہ ہی کی جانب سے ہے، پھر جب تمہیں کوئی
تکلیف پہنچتی ہے تو تم اس ہی کے آگے گریہ وزاری کرتے ہو ثُمَّ اِذَا كَشَفَ
الضُّرَّ عَنْكُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْكُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ۙ﴿۵۴﴾ پھر جب وہ تمہاری
اس تکلیف کو دور کر دیتا ہے تو تم میں سے کچھ لوگ اپنے رب کے ساتھ شرک کرنے
لگتے ہیں لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ؕ اس طرح وہ ہماری عطا کی ہوئی نعمتوں کی
ناشکری کرتے ہیں فَتَمَتَّعُوْا ۫ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾ چند روز اور اس دنیا کی
نعمتوں سے فائدہ اٹھالو، اس کے بعد تمہیں خود ہی اپنا انجام معلوم ہو جائے گا وَ
يَجْعَلُوْنَ لِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ نَصِيْبًا مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ ؕ اور یہ ہمارے دئے ہوئے
رزق میں سے اپنے بنائے ہوئے ان معبودوں کے لئے بھی حصّہ مقرر کرتے ہیں
جنہیں وہ خود بھی نہیں جانتے تَاللّٰهِ لَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۶﴾ اللہ کی
قسم! تم سے اس بہتان کی نسبت ضرور پوچھا جائے گا جو تم باندھا کرتے ہو وَ
يَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ ۙ وَ لَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۵۷﴾ اور یہ کفار و مشرکین
اللہ کے لئے بیٹیاں مقرر کرتے ہیں، حالانکہ وہ ایسی باتوں سے پاک ہے جبکہ یہ لوگ
اپنے لئے وہ چیز چاہتے ہیں جس کے وہ بہت خواہشمند ہیں وَ اِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ
بِالْاُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّ هُوَ كَظِيْمٌ ۚ﴿۵۸﴾ اور جب ان میں سے کسی کو بیٹی

کے پیدا ہونے کی خوشخبری دی جاتی ہے تو اس کا چہرہ سیاہ پڑ جاتا ہے اور وہ انتہائی
غمگین ہو جاتا ہے یَتَوَارٰی مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْٓءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ ؕ اَیُمْسِكُهٗ
عَلٰی هُوْنٍ اَمْ یَدُسُّهٗ فِی التُّرَابِ ؕ یہ خوشخبری اس کے نزدیک ایک ایسی برائی
کی بات ہے کہ وہ لوگوں سے چھپتا پھرتا ہے کہ اس ذلت کو قبول کر کے بیٹی کو زندہ
رہنے دے یا مٹی میں دبا دے اَلَا سَآءَ مَا یَحْكُمُوْنَ ﴿۵۹﴾ افسوس! کتنا برا فیصلہ ہے
جو وہ کرتے ہیں لِلَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ مَثَلُ السَّوْءِ ۚ وَلِلّٰهِ الْمَثَلُ
الْاَعْلٰی ؕ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے وہ بری صفات کے حامل ہیں جبکہ اللہ
کی صفات انتہائی بلند و اعلیٰ ہیں وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۶۰﴾ اور وہی سب پر غالب
اور بہت حکمت کا مالک ہے رکوع[۷]

[# 246]

In verses 48 to 60, the polytheists are warned that your only deity is Allah, and everything is under His control. Whatever blessings you have received are given by Allah. These polytheists attribute daughters to Allah, but when a daughter is born to them, their faces darken with grief.

اَوَ لَمْ يَرَوْا اِلٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَیْءٍ يَّتَفَيَّؤُا ظِلٰلُهٗ عَنِ
الْيَمِيْنِ وَ الشَّمَآئِلِ سُجَّدًا لِّلّٰهِ وَ هُمْ دٰخِرُوْنَ ﴿۴۸﴾

Have they not observed all the things created by Allah, how their shadows shift to the right and to the left, bowing [their faces] down before Allah in a state of humility?

وَ لِلّٰهِ يَسْجُدُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ مِنْ دَآبَّةٍ وَّ
الْمَلٰٓئِكَةُ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ﴿۴۹﴾

And to Allah [alone] bows down [in submission] whatever living creatures is in the heavens and whatever is in the earth, and so do the angels, and [before Him], they are not arrogant in the least.

يَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ﴿۵۰﴾ السجدة ع

[السجدہ] رکوع [۶]

And they fear their Lord up above them, and they do only what they are commanded to do.

This is a verse of prostration; let's prostrate here.

وَ قَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوْۤا اِلٰهَیْنِ اثْنَیْنِ ۚ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ
فَاِیَّایَ فَارْهَبُوْنِ ﴿۵۱﴾

And Allah has said [to His servants], "Do not take two gods. Indeed, there is only one God; so fear Me alone."

وَ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ لَهُ الدِّیْنُ وَاصِبًا ؕ اَفَغَیْرَ
اللّٰهِ تَتَّقُوْنَ ﴿۵۲﴾

And to Him, belongs whatever is in the heavens and the earth. And obedience [and worship] to Him, is obligatory for all. Then why do you fear others besides Allah?"

وَ مَا بِكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ثُمَّ اِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَاِلَيْهِ تَجْـَٔرُوْنَ ﴿٥٣﴾

And whatever blessings you enjoy, are from Allah. And when any hardship befalls you, you cry out to Him for help.

ثُمَّ اِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنْكُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْكُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿٥٤﴾

Then, when He removes your hardship, some of you begin to associate gods with your Lord.

لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ؕ

[In this way], they show ingratitude for [all the blessings], We have given them.

فَتَمَتَّعُوْا ۙ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾

So, enjoy [the blessings of this world] for a few more days; soon, you will come to know [fate of your misdeeds].

وَيَجْعَلُوْنَ لِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ نَصِيْبًا مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ ؕ

And they assign offerings, out of a portion of the sustenance, which We have provided them, to those [idols] about whom they do not know anything.

تَاللّٰهِ لَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۶﴾

By God! You will surely be questioned [in the Hereafter] about these [lies] you have forged.

وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ ۙ وَلَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿٥٧﴾

And they ascribe [angels as] daughters to Allah–Glory be to Him!–while for themselves, [sons] are all that they [truly] desire.

وَ اِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّ هُوَ
كَظِيْمٌ ﴿٥٨﴾ ج

And when one of them is given the glad tidings of the birth of a daughter, his face grows dark, and he is filled with suppressed rage.

يَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْٓءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ ؕ اَيُمْسِكُهٗ عَلٰى هُوْنٍ
اَمْ يَدُسُّهٗ فِى التُّرَابِ ؕ

He hides himself from the people because of the bad news he was given. [wondering] whether he should keep her with disgrace, or bury her [alive] in the ground?

اَلَا سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿٥٩﴾

In fact, evil is what they decide.

لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ مَثَلُ السَّوْءِ ۚ وَ لِلّٰهِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى ؕ

To those, who do not believe in the Hereafter, belong all evil qualities, while to Allah, belongs all the Exalted attributes.

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٦٠﴾ رکوع[۷]

For He [alone] is Al-Mighty, all-Wise.